اداریہ

مجلہ الثقافہ الاسلامیہ کا چوتیسواں شمارہ پیش خدمت ہے جس میں اردو، عربی اور انگلش کے مقالات شامل ہیں جو مسلمہ علمی تحقیقی معیار کے عین مطابق منتخب کیے گئے ہیں، اور انہیں شیخ زاید اسلامک ریسرچ سینٹر پاکستان کے بلند پایہ اساتذہ و محققین کی نظرثانی کے بعد شائع کر رہا ہے، اس شمارہ میں 13 مقالات کا انتخاب کیا گیا ہے جن میں 9 اردو، 2 عربی اور 2 انگلش زبان میں ہیں۔

عربی حصے میں شیخ زاید اسلامک سینٹر کے اسٹنٹ پروفیسر محترم جناب ڈاکٹر محمد مہربان باروی صاحب نے تقلید کی لغوی اصطلاحی تعریف کرنے کے بعد مکلف کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے، مجتہد، عامی اور مُتّبع، اب تک کوئی ایسا زمانہ نہیں گزرا جو مجتہدین سے خالی ہو، صرف صحابہ کرام رضی اللہ عنھم میں 120 سے زیادہ مجتہدین تھے، تابعین اور تبع تابعین میں لاتعداد مجتہد گزرے ہیں جن میں سے اکثر نام عام طور پر طلباء اور عام لوگ تو درکنار علماء بھی نہیں جانتے اور ان کے ساتھ ساتھ ان کا مذہب اور ان کا فقہ بھی اختتام پزیر ہوا، لیکن ائمہ اربعہ یعنی امام ابوحنیفہ، مالک، شافعی اور احمد کا نام ان مجتہدین میں سر فہرست ہے جن کی تقلید کرنے والے دنیا کے تمام گوشوں میں بکثرت موجود ہیں، تو وہ کون سے اسباب ہیں جن کی وجہ سے تقلید انہیں ائمہ اربعہ میں محصور ہوگئی، اور ان مجتہدین کے فقہ کے بقاء اور انتشار کے کیا کیا اسباب ہیں۔ عربی کے دوسرے مقالے میں شیخ زاید اسلامک سینٹر کے استاذ محمد عمران نے فقہ حنفی کے مشہور و معروف متن مختصر القدوری اور ان کے مصنف امام قدوری کا علمی تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے۔

اردو کے مقالات میں شیخ زاید اسلامک سینٹر کے سینئر استاذ ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر عمر حیات عاصم سیال صاحب نے اسلامی قوانین کی رعایت اور تخصیص کے بارے میں نہایت علمی گفتگو کی ہے، انگلش کے مقالات میں ڈاکٹر سید غضنفر صاحب اسٹنٹ پروفیسر شعبہ قرآن وسنہ، کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی اور محترمہ صبا اصغر فکیلٹی ممبر بحریہ فاؤنڈیشن کراچی کا مقالہ HUMAN RESOURCE MANAGEMENT OF FEMALE TEACHERS IN DEENI MADARIS IN PAKISTAN سرفہرست ہے۔

ہم مجلس ادارت اردو، عربی، انگلش اور مجلس مشاورت ملکی وبین الاقوامی کے تمام ممبران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے نظرثانی، مشاورت اور مختلف خدمات کے ذریعے ہماری حوصلہ افزائی فرمائی، نیز ہم تمام مقالہ نگاران کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ہمیں اپنے مقالات ارسال کیے اور امید کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی ارسال کرتے رہیں گے، ہماری ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہم بہتر سے بہتر مقالات کا انتخاب کریں۔

میں آخر میں اپنے مرکز کے تمام ممبران اور اساتذہ کرام کو اس شمارہ کی اشاعت پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

ڈائریکٹر و مدیر

شیخ زاید اسلامک ریسرچ سینٹر جامعہ کراچی